ہوجاے گی بیزار ہر ایک پہول سے بلبل | تو جا ئیو مت زینت گلزار چمن مین
جو آج تو آئی ہے صبا اور طرح سے | شاید کہ وہ پہونچا ہے طرحدار چمن مین
ہم وحشیونکا رہو بیابان سلامت | اب سیر سے مطلب ہے نکچہہ کار چمن مین
تاکید ہے دربانونکو یہ باغ مین جاکر | آجاے یہ حاجی نہ خبردار چمن مین

غزل عاشق

دونو خسار ماہ پارے ہین | ابرو اور خال چاند تارے ہین
مین نے وہ بول کہلے ہارے ہین | تم ہمارے ہو ہم تمہارے ہین
نہین بوندین عرق کی چہرہ پر | چاند کی منہ پہ یہ ستارے ہین

ایکباری تو خواب مین آؤ | کب سے مشتاق ہم تمہارے ہین
عین مجلس مین آنکہہ مارو ہو | سچ بتاؤ یہ کیا اشارے ہین
راتن کاٹین ہین تارے گن گن کے | تنکے چن چن کے دن گذارے ہین
جنکو کہتے ہین غول صحرا کے | وہ مرے آہ کے شرارے ہین

[illegible]

پیچ مین کسکو لا ولے صاحب | بل نکالے سنوارے ہین
دل بہتا ہے سو دو نیمہ کرے | جب سے ابرو نہین پہ آرے ہین
عاشق ہو نہ اسے اوس سے پیارو سلے | ہو گئے سب عدو ہمارے ہین

غزل ذوق

تاب کے ضبط فغان آہ مجہے تاب نہین
ناصحا صبر کی واللہ مجہے تاب نہین

دلکے یان ٹکڑی نہو وین کہین مانند کتان
بس تحیر ہے دید کی ایماہ مجہے تاب نہین

صفحۂ دلسے مٹاؤ مری تمثال بتان
بت پرستی کی اب اللہ مجہی تاب نہین

حوصلہ تنگ ہی یہان بیہودہ گوئی تا چند
بس زبان کیجیے کوتاہ مجہے تاب نہین

ہمنشین چاہ مین یوسف جو پہنسا ہے غضب
اوڑ ہی دنیا سی کہین چاہ مجہے تاب نہین

جی ہی کہو یا غم ہیرزا نہین روتے روتے
آہ اے شمع سحرگاہ مجہے تاب نہین

غم ہجران سی ہوئی رونق بید لکو نجات
اگئے غمخواری کے یا شاہ مجہے تاب نہین

غزل سودا

باتین کدہر گئین وہ تیری بہولی بہولیان
دل لیکے بولتا ہے جواب تو یہ بولیان

ہر بات ہی لطیفہ و ہریک سخن ہے رمز
ہران ہے کنایہ و ہردم ٹہٹولیان

حیرت نی اُسکو بند نکرنی دی پہر کبہو
آنکہین جس آدمی نے تیری منہ پہ کہولیان

اندام گل پہ ہو نہ قبا اس مزے لیے چاک
جون خوش جہبو نکی تن سے سکتی ہین چولیان

ساقی پہونچ کہ تجہہ بن اس ابر بہار مین
پڑتے نہین تگرگ برستی ہین گولیان

کس طرح ہوئے آنکہو نکی کاوش سے دلکو چین
مژگان نکر سکین تو نگاہین ٹٹولیان

کیا چاہے تجہے سر انگشت پر حنا
جس نگینہ کی خونمین جگاہین ڈبولیان

جون برف ہو گئی ہین خنک اب تابن ہند
انسے تو بلکہ گرم ہین کابل کی بولیان

سودا کی دلسے صاف نہ ہوتی تہی زلف یار
شانے نے پیچ پڑ کی گرہ اسکی کہولیان

غزل صمصام

رات دلبر نے جو آنکہو نمین ملائی آنکہین
خانہ چشم مین پہولی نہ سمائی آنکہین

ہم اسیرونکو نکچہ گل سے نہ گلشن سے خبر
پہنس گئے دام مین کہلنے بہی نپائی آنکہین

منہ ملا دلکو پہنسا دور ہوئے آخر کار
دکہہ مین دیکہا تو کچہہ کام نہ آئی آنکہین

کس بلا آموز کی صحبت کے ہے یہ تاثیر
آج کچہہ شوخکی بیڈ ہب نظر آئی آنکہین

اور دنیا مین طرحدار نتہا کیا صمصام
ایسی بی مہر سے تو اکی لگائی آنکہین

غزل احسن

صبح سے شام تلک تا بہ سحر روتے ہین
اشک آنکہو نکے بہاتے ہین سحر ہوتے ہین
رقیب ہم پہ تو کیا ہوتا ہے
جا و کرتا ہے ... ہوتی ہین
اے ... کہین ... شکوہ
... بیوفائی کا ... جو

غزل [illegible]

کیا جہان مین نہین ... سحر ہوئے ہین
سعد روتے ہین شب کو نئی بتان ہین جاکر
نالہ ... گریہ سے سحر ہوتے ہین
عدو جلتے ہین ... شکر ... حسن
دوست ... ہین کہین ... ہوتے ہین

غزل نظیر

کیون ... ہم پہ وہ جلوہ نما ... گردن
ماہ ہی جیب سے نکلتا ہے ... گردن

ہاتھ سے اتنے قلم رشکِ مسیحا کہدے — نسخے بدلے ہیں جہاں کے حکما تیرے دن
غرق دریا محبت کی نہیں بلتی ہے نعش — ورنہ ڈوبا ہوا نکلے ہی سدا تیرے دن
دل بیمار رہے عشق میں کیونکر سرسبز — خاک ہے دانہ کو ہے نشو و نما تیرے دن
چھیڑ مت زلف کی مارکو تو دریا میں ڈال — سانپ کے کاٹے کو دیتے ہیں ہما تیرے دن
تین دن چشم کے بیمار کا کرا پنے علاج — ہوتی معلوم ہے تاثیر دوا تیرے دن
لوگ کہتے ہیں کہیں پھول ترے کشتے کے — منہدی ہاتوں کو تو قاتل لگا تیرے دن
عمر اک ہفتہ نہیں باغ میں اے گل مت بھول — رنگ بدلے ہے زمانے کی ہوا تیرے دن
چار حرف اس بت پرخونکی اوپر ہے نظیر — آپ سے آپ جو ہو جائے خفا تیرے دن

غزل عبداللہ

شب کٹی ہجر میں اور دن کٹا غمخواری میں — کہہ دیا دل کو عبث یار کی عیاری میں
جسنے دیکھا اسے خود مطلب و خود غرض کا یار — آشنا پورا نہ دیکھا یہ کہیں یاری میں
کم سنا عشق میں ہوگا جو سنا ہوگا کہیں — گھر دیا سر دیا اور دل دیا دلداری میں
ذبح کرنیسے مرے فائدہ کیا تجھکو ملا — ہاتھ کیا آیا ترے ایسی ستمگاری میں
قیس و فرہاد سے لاکھوں میں یہاں عبداللہ — آخرش مر ہی گئے عشق کی بیماری میں

غزل جہادی

شب وصال میں کیا یار سے دو چار ہوئیں — رہا فراق میں جیتا تو شرمسار ہوئیں
منع نہ کر مجھے رونیسے اے گل خوبی — چمن ہے کوچہ ترا ابر نوبہار ہوئیں
تجھے خیال جو بت صید افگنی کا ہے — لگا دے تیر مجھے مفت کا شکار ہوئیں
جو دیکھی ہے تری گالونکی بالیکی مچھلی — مثال ماہی کے بے آب بیقرار ہوئیں
جو تیری تیغ جہادی شہ مجھسے منہ موڑے — تو پہلے وار میں دریائے غم کے پار ہوئیں

غزل صفت

تری تیغ جب ہم علم دیکھتے ہیں — وہیں سر کو اپنے قلم دیکھتے ہیں
جو جلوہ صنم تجھمیں ہم دیکھتے ہیں — خدا کی خدائی میں کم دیکھتے ہیں

تو جلدی سے آ ورنہ ہم سے مسیحا — کوئی دم ہیں راہِ عدم دیکھتے ہیں
گذرتے ہیں سو سو خیال اپنے دل میں — کسی کا جو نقشِ قدم دیکھتے ہیں
جو چاہوں لکھوں حال حیرت میں اپنا — تو ہاتھوں کو اپنے قلم دیکھتے ہیں
ملے تم تو ہو ہیں رقیبوں سے جا کر — ہمیں دیکھ کر سو ستم دیکھتے ہیں

غزل شہاب

جنت دیکھ ... ... نظر سے کھینچے ہیں — ... ... تیری ... کھینچے ہیں
... ... صبح و شام ... کھینچے ہیں — ... ... شب ... کھینچے ہیں
تماشا خدائی کا ... دیکھتے ہیں

غزل نظیر

تفرقہ ہوتا ہی ایسا ہی گل اندام کہیں
مے کہیں شیشہ کہیں ساقی کہیں جام کہیں

دلکی بیتابی نہیں ٹھہرنے دیتی ہی مجھے
دن کہیں رات کہیں صبح کہیں شام کہیں

ایدل و بیجئے کس کسکو سبھی مانگتے ہیں
بند ہر اور بالے کہیں زلف سیہ فام کہیں

نامہ بر نامہ لکھوں یا میں زبانی کہدوں
خط کے پرزے یہ لکھوں قاصد انام کہیں

دل ہی اور جان کفایت نے سبھی کی ہی نظیر
گل کہیں غنچہ کہیں بلبل بدنام کہیں

غزل فیض

خط جادہ ہون یا میں نقش پا ہوں
غرض افتادگاں کا رہنما ہوں

جو ناکارہ ہوں یا میں کام کا ہوں
تمہارا ہوں بھلا ہوں یا بُرا ہوں

کہوں کیا اپنے جینے کی حقیقت
جو اکدن خوش ہوں سو تک خفا ہوں

عبث رکھتے ہیں مجھپر تہمت مرگ
بہت راتوں جگا تھا سو رہا ہوں

کہے ہے شخص کوئی عکس کوئی
خداوندا انہیں معلوم کیا ہوں

نہ پہچانو مجھے گر آپ تو کیا
مگر میں آپ کو پہچانتا ہوں

تامل شرط ہے اے اہل معنی
کتاب فقر کا میں مدعا ہوں

نہ کر اس چشم کا پھر مجھکو بیمار
ابھی اے فیض مر مر کے جیا ہوں

غزل ہدایت

ہیں خط تقدیر یہ سبکی سب پیشانیاں
پیش آتی ہیں وہی باتیں جو ہیں پیشانیاں

غیر نے باتیں جو کچھ کیں تو نے وہ سب مانیاں
ادر ہمسے تیری اے لالہ یہ نافرمانیاں

دیکھے صورت کو تری آئینہ سا میں رہ گیا
چشم تھی حیرت زدہ جو دیدہ قربانیاں

بے نصیبوں سے یہ پوچھی منزل مقصود کو
خاک رہ دشت صحرا ہم نے کیا کیا چھانیاں

کھینچ سکتا ہی مصور یہ کوئی ناز و ادا
مانی و بہزاد نے بھی تیری آئیں مانیاں

گاہ گریاں گاہ نالاں گاہ خنداں گہ خموش
ہم دیوانوں کی ہیں باتیں سب کچھ دیوانیاں

میرے سر کی قسم تجھ کو ہدایت سچ بتا
کس سے سیکھی چشم تیری یہ گہر افشانیاں

غزل رحمت

سارے جہاں میں خوب کہاں ہے یہ زبان
ہر اک کو دوستدار بنائی ہے یہ زبان
مجلس میں ہیں شور و شار مجالس ہے یہ زبان
باہم کے نظر و طرہ بتائی ہے یہ زبان
سو دوش نہ قید کرے اس زبان کو
ہجر جو سر بازار کھلائی ہے یہ زبان
جو بے دل تدبیر یکسی بیقدر کے نہیں
اے یار دل بدکار بتائی ہے یہ زبان
ہر کار ہی بد

نظم حسین

رحمت خدا کی ایسی پر جس نے کہیں سب
حق کی ثنا و وصف بتائی ہے یہ زبان

غزل اشرف

جب صبا او ڑجائیں اور تری بہار بن لوٹ جائے
مجھکو جو کچھ ہو میں الہی اور دل دیر کہیں ٹوٹ جائے
اور ان کیا کوئی برادر سے جو دور اسی بات پر
آج کبھی ہو کر او نہیں او اپنی ہاتھ کو ٹ جائے

در بلا بودن بہ از بیم بلا مشہور ہے
کاش جو ہوتے ہو جلدی ہو بلا سے چھوٹ جائین
بزم خوبان مین تماشا ایک سی ہم کین ہین
خاطرین نازک نہایت انکی ہین شاید ٹوٹ جائین

غزل ناسخ

ہے عجب طرح کی وحشت ترے دیوانے مین
جو نہ آبادی مین لگتا ہے نہ ویرانے مین
ہون وہ میکش کہ نہ مستی مین کبھو ہار کبھی
لاکھہ قلقل کہے شیشہ مجھے میخانے مین
آفتاب آہین اگر آوے تو آبن جاوے
نو کا دخل نہین میرے سیہ خانے مین
حشر تک جی ہی مین بیہوش ہون اے ساقی
کاش مے بھر دے مری عمر کی پیمانے مین
عارض کی سی ہوا قاتل بے حالت کا تری یک
یان لگا زخم تو وان درد اوٹھا شانے مین
کس طرح طایر دل ہو ترے چہرے پہ نثار
شمع رو طاقت پرواز ہے پروانے مین
بال تو ہے تری زلفون سے بیدردین
جس سے مر ہاتھ کی مانند ہو گر شانے مین
عشق مین دل نے پہنایا تو ہوا غیر دلکو رنج
نہین آیا ہے مین وت جو ہی بیگانے مین
پارہ شیشہ دل نصیب ہے ہر روز نہین
کیجے عیش زمستان مرے کاشانے مین
یہان تو بجلی بھی سنبل جاتی ہے گرتی گرتی
شمع کی ٹھہرین قدم کیا میر ویرانے مین
نوش کر شوق سے دل کہو لکی صرفہ کیا ہے
خوف بدہضمی کا ناسخ نہین غم کھانے مین

غزل کمتر شاہ

خریدار ہے کب نہان بیچتا ہون
متاع دل اپنا عیان بیچتا ہون
خریدار تم ہو کیا چاہتے ہو
مین دل بیچتا ہون مین جان بیچتا ہون
زلیخا سا ہو گر خریدار یوسف
تو مین سب کا سب کاروان بیچتا ہون
کہا مجھسے قاتل نے سر بیچتا ہون
کہا مین نے اے مہربان بیچتا ہون
اگر تو مرے چھیڑنے کو ہے کہتا
نہین بیچتا ہون تو ہان بیچتا ہون
بجا جام پیر اسکی ہان مین تو کمتر
اب آگے رہا کیا عیان بیچتا ہون

غزل نظیر

لیتا ہی جان نمیر تو مین سر بدست ہون
اے یار مین تو کشتۂ روز الست ہون
یکدم کے زندگی کے لیے مت اوٹھا مجھے
ہے بیخبر مین نقش زمین کا نشست ہون
تو مست کر شراب سے اے گلبدن مجھے
مین آپ اپنے شیشۂ دلکا شکست ہون
دوری طریق مجھکو سمجھو نہ زاہدان
گر تو خدا پرست ہے مین بت پرست ہون
ان سنگدل بتون کا گلہ کیا کرون نظیر
ظالم مین تری چشم گلابی سی مست ہون

غزل میر تقی

عاجز حسن سے بسر کرتا ہون
محتسب سو اے بناوی بستی ہو
کہہ تو ورہ اے جراب کرتا ہون
مجہکو کیا ہے جبر مین عبث
تنگی بیٹھے ہے پیر عتاب کرتا ہون

سر تلک بہ تیغ مین ہون غرق / اب تئین آب آب کرتا ہون
جی مین پہرتا ہی میر وہ میرے / جاگتا ہون کہ خواب کرتا ہون

غزل کنور

پڑی ہے جب سے وہ میرے نظر مین / لگی ہے آگ سینہ مین جگر مین
نشان ہرگز نپائی بعنقا نکلے / بہت ڈہونڈا مین اوسکو بحر و بر مین
ٹپکتا ہے جگر خون ہو کے آخر / رہا باقی نہ آنسو چشم تر مین
چمکتا ہے اسی بیرنگ کا رنگ / بچشم باصرہ لعل و گہر مین
جدائی مین جیفا جو کے عزیزو / نہین باقی ہے حالت کچہ کنور مین

غزل اوباش

باغبان نخل محبت مین ثمر ہے کہ نہین / کوئی اس باغ مین الفت کا شجر ہے کہ نہین
موسے باریک بتاتی ہین کمر اوسگل کی / نہین معلوم کمر اوس گل کے کمر ہے کہ نہین
بیٹہے کوچہ مین مجہے دیکہا تو رک کر بولے / یہانسے اوٹہ جائے آپ آپکا گہر ہے کہ نہین
ہجر کی شب گہٹی گہٹ گئی سب عمر مری / یا الہی شب ہجران کے سحر ہے کہ نہین
سچ بتا مجہکو صنم خدا کی سوگند / وہ تیری مہر کی انگلی سے نظر ہے کہ نہین
بال و پر توڑ کے صیاد لگا یون کہنے / کوئی بتلاؤ کہ اس مرغ کی پر ہے کہ نہین
وہ جو اسطرف سے گذری تو لگی یون کہنے / میان اوباش کا اس رہ مین گذر ہے کہ نہین

غزل مفتون

بتان جبکہ زلف دوتا باندہتے ہین / گرہ مین دل مبتلا باندہتے ہین
نہین سنتی بلبل اپنے چمن مین / ہم اب آشیانہ جدا باندہتے ہین
مین یہان خوش رہا ہون ہاتہون سے ظالم / جو پاؤن پہ اونکے حنا باندہتے ہین
جفا کہینچینگے پر نہ تار سینگے جی کو / پہر ہم تمسے شرط وفا باندہتے ہین
گرہ دیکہے سر پر جو بالونکا جوڑا / یہ مانگ بہرن خوش ادا باندہتے ہین
ہر ایک تار مین اوسکے دلہا ہے عاشق / بہم جمع کر کر ملا باندہتے ہین

میان حال مفتون کا دیکہا نہین / کہ اب بیکس پر مبتلا باندہتے ہین

غزل سراج

عید وصل سرو قدسے ہین مرے گہر شادیان / عالم بالا سے آئی ہین مبارکبادیان
کیا تبسم کیا ادا کیا ناز کیا انداز ہے / یاد ہین اوس شوخ کو کتنی طرح کی اوستادیان

غزل نعیم

صاف ہو تونے نگاہونکی تیغ کرتا ہے قتل / خم ہین اوس ظالم خونریز پر جلادیان
یاد ہین زنجیر الفت اور گلے مین طوق غم / کیہہ دل وحشی کو ہے کیونکہ ہو آزادیان
کیا چلے دام نگاہ مہربانی سے ترے / صید ہو جاوین یہان صیاد کی صیادیان
گرچہ دیکہے اپنی شوخی سے نہین آتی ہے باز / پہوڑ سماتا ابتک نہین مجنون بہی اپنی آوارگیان

طاق ہو جس سے دلکی گرجاتا ہی آئینہ سراج | آتی ہیں مجھ جب انکی طرح لیں سا دیان

غزل

جیوتی

دیوانہ ترا عاشق زار ہوں میں | فدا تجھ پہ مدت سے ای یار ہوں میں
فریبوں میں کب تیرے آتا ہوں ظالم | فریبی جو تو ہے تو عیار ہوں میں
جسے تو نے کاٹا موا ہے اجل وہ | سمجھنا تری زلف کو مار ہوں میں
اگرچہ تو گل ہے و یا چشم نرگس | تری باغ تازہ کا اک خار ہوں میں

غزل ایمان

گرنہ اٹکی ہو تری زلف کی زنجیر میں جان | آہ جاتی رہے یک نالہ شبگیر میں جان
انجیوان سے بجھا ہے مگر اُسکا پیکان | تازہ پڑتی ہی تیری تیر سے نخچیر میں جان
وہ جو گستاخ ہیں کیا بات ہے انکی پیارے | یہاں تو جاتی ہے نکل ایک ہی تقصیر میں جان
اُسطرف بھی تو کسی روز کمان ابرو چل | نہ ہی صید حرم کی کہیں تجھ تیر میں جان
آوے دم کہ تو اعجاز مسیحائی پر | بات کہنے میں پڑے قالب تصویر میں جان
شعر ہوتا ہے کب ایمان کسی کا دلچسپ | جب تلک معنی شیریں نہوں تحریر میں جان

غزل شاہ ظفر

جیوتی

جلایا آپ ہم نے ضبط کر کے آہ سوزاں کو | جگر کو سینے کو پہلو کو دلکو جسم کو جاں کو
ہمیشہ کنج تنہائی میں ہم مونس سمجھتے ہیں | الم کو یاس کو حسرت کو بیتابی کو حرماں کو
تری اندام و رو و قد و زلف و خط سے خجلت ہے | سمن کو ارغواں کو سرو کو سنبل کو ریحانکو
جگہہ کس کس کی دون دل میں تیرا تھو نسی ایقال | کٹارکو چھُری کو بانک کو خنجر کو پیکاں کو
تیرے دندان و لب نے کر دیا بیقدر عالم میں | گہر کو لعل کو یاقوت کو ہیرے کو مرجانکو
لڑا کر آنکھہ اُن سے ہم نے دشمن کر لیا اپنا | نگہ کو ناز کو انداز کو ابرو کو مژگاں کو
نہیں قلقل دعا دیتا ہی شیشہ مبدم ساقی | سبو کو خم کو مے کو میکدے کو مے پرستاں کو
ہو جب تو ہی الساقی بھلا پھر کیا کرے کوئی | ہوا کو ابر کو گل کو چمن کو صحن بستاں کو
بنایا اے ظفر خالق نے کب انسان سے بہتر | ملک کو دیو کو جن کو پری کو حور و غلماں کو

غزل شاہ ظفر

کہوں کیا رنگ اس گل کا اہا ہا ہا ہا ہو ہو ہو
ہوا رنگ چمن سارا اہا ہا ہا ہا ہو ہو ہو
نمک چھڑکے ہے وہ کس کس مزے سے دل کے زخموں پر
مزے لیتا ہوں میں کیا کیا اہا ہا ہا ہا ہو ہو ہو
شرار و برق میں کیا فرق سمجھو ہیں کہ دونوں میں
ہے اک شعلہ بھبھوکا سا اہا ہا ہا ہا ہو ہو ہو
بلا گرداں ہوں ساقی کے کہ جام عشق سے مجکو

غزل ظفر

دیا ہم نے [illegible] اک ایسا اہا ہا ہا ہا ہو ہو ہو
[illegible] کی کہیں نہیں کیا
اری صورت پرستی [illegible] اہا ہا ہا ہا ہو ہو ہو
[illegible] تیغ قاتل میں
کھلا جانے [illegible] اہا ہا ہا ہا ہو ہو ہو
[illegible] طبیعت کی روانی کا
ظفر عالم [illegible] اہا ہا ہا ہا ہو ہو ہو

غزل آتش

ٹھوکریں مار کے مردونکو جلاتے نہ چلو — رشک ہے خاک میں زندونکو ملاتے نہ چلو
اونکی پازیب کی جھنکار کی آتی ہے صدا — فتنہ حشر کو بدخواب جگاتے نہ چلو
باغ میں آتی ہو سایہ اونکے تو پھر لو دو گام — کبک و طاؤس کا جھگڑا ہی چکاتے نہ چلو
برق و شمشیر کی اچھی نہیں چالیں چلنی — راہ کو کاٹتے جادہ کو جلاتے نہ چلو
مایل حسن کو منہ پھیر کے کہتا ہے وہ شوخ — خاک طینت ہو تو وہ دانے جلاتے نہ چلو
گری پڑتے ہیں کنوؤں اور گڑہوں میں گبر — ذقن و ناف کے عالم کو دکھاتے نہ چلو
دو قدم ساتھ جو چلتا ہوں میں گریاں اسکے — یہی فرماتے ہیں ہنسکے ہنساتے نہ چلو
گوشمالی و نہ گلگشت میں گل کو پیارے — طفل غنچہ ہے غریب او سکو ڈراتے نہ چلو
پر مشقت ہی رہ عشق چلے ہو دو گام — کوسوں دریا جو پسینے سے بہاتے نہ چلو
منہ چھپا کر یہ نکلتا ہی تمہارا اندھیر — رہ نشین عاشقو نکو راہ بتاتے نہ چلو
شق رفتار کرو گرم روی کی نہ سہی — کون سی چال ہے یہ آگ لگاتے نہ چلو
بھاگ کر عاشق شیدا سی کہاں جاؤ گے — قدم آہستہ رکھو ٹھوکریں کھاتے نہ چلو
اپنے ہاتھوں سے نہ اندھوں کا گلا گھٹواؤ — یوں چلو پاؤں کی آواز سناتے نہ چلو
کوئی معشوق الی عاشقو جاتے ہو تو جاؤ — یہ شگوں خوب نہیں خاک اوڑاتے نہ چلو
اُن سے کہدے کوئی آتے ہیں جو یہ لکہ ابر — چشم آتش کی طرح آنسو بہاتے نہ چلو

غزل جرات

اے دلا ہم ہوئے پابند غم یار کہ تو — اب اذیت میں بھلا ہم ہیں گرفتار کہ تو
ہم تو کہتے تھے نہ عاشق ہو اب اتنا تو بتاؤ — جا کے ہم روتے ہیں پہروں پس دیوار کہ تو
ہاتھ کیوں عشق بتاں سے نہ اوٹھایا تو نے — کف افسوس اب ہم ملتے ہیں آ یار کہ تو
وہی محفل ہے وہی لوگ وہی ہے چرچا — اب بھلا بیٹھے ہیں ہم شکل گنہگار کہ تو
ہم تو کہتے تھے کہ لب سے نہ لگا ساغر عشق — مے اندوہ سے اب ہم ہوئے سرشار کہ تو
پی جگہہ جی کا پھنسانا تجھے کیا تھا درکار — طعن و تشنیع کی اب ہم ہیں سزاوار کہ تو

وحشت عشق بری ... ہوئی دیکھا نادان
اسکو اب چھوڑ کے گھر بار کہ تو
ہم چلے دشت کو اب ... عبث کیجیو بس نالا
عشق ہے سوز ہیں ہیں آہ شرر بار کہ تو
اب بھلا ... ہوں ہیں ... لگ چلی
... ہمراہ ... بازار کہ تو
اب بھلا ہم ... ہوئے ... اسے جرات
... مشکل ... اشعار کہ تو
دیکھیو ہم ... سے ...

غزل شہید

سونے دو ... دو
... مثل ... مطلب کے سو مطلب کے دو
... مثل ... دو
دوہی دو ... دو
خال کے دو خط کے دو رخسار کے دو
یکدم ... دونوں ... ہوں تو دو
خواہ دو ... خواہ دو غبغب کے دو

اٹھہ بوسونکا ہون نو گرانبہ اد باشر کا	صبح کے دو شام کی دو روز دو شب کی دو
بوسے اوس رخ کی بیاپے ہم حسب لینے لگی	کہکے یون ہم اب کے دو یہ جیبکی دیتہ ب کے دو
لکہہ شہید ہے اور بہی شعر ین تبدیل ردیف	دل ربا کو بہیجیے بین بہتیے اس ڈہب کے دو

غزل سودا

آتو وہ قطرات عرق دیکہہ جبین کو	اختر جہڑے جہلکے ہین فلک پر سے زمین کو
آتا ہے تو اے شوخ کہ مین ردکے ہاہون	مانند حباب اپنے دم باز پسین کو
دیتی ہے نہین چین بد اپنے گمان کے	ساتہہ اوسکے مین جاتا ہون کوی جان کہین کو
ہرگز بجہان روسیہی اسکو نہو تیے	لگتا نہ مری نام ہی گر عیب نگین کو
جون دانہ سمجہہ مور دا ابر کرم حق	زاہد در میخانہ کے ہر خاک نشین کو
اک گل ہی چمن مین شنوا گوش نہین ہے	دے مرغ گرہ سینے مین فریاد حزین کو
مطلب کے مرے عرض یہ یکبار ہی سودا	ثانی نہ چہوایا کبہی اس لب سے نہین کو

غزل محتسب

سر سبز سبزہ ہو جو تیرا پایمال ہو	ٹہرے تو جس شجر کے تلے وہ نہال ہو
موے کمر ہے یون بدن یار مین عیان	در نجف کی جرم مین جسطرح بال ہو
گل کی زبان گنگ ہے تو لنگ پاے سرو	کیا عندلیب کبک مین نہ بول چال ہو
رندو ضرور رقص ہو بزم شراب مین	ہاتہہ آئی گر نہ بہانڈ تو صوفی کا حال ہو
موذیکو بعد مرگ بہی آرام ہے محال	کسطرح زیر تیغ یہ گینڈیکی ڈہال ہو
دو دو نہ میری انکہون کیونکر سنون تیلیان	آنکہون پہر جو تیری تصویر مین خال ہو
کیا نیند آئی ہو جو یہی رات بہر خیال	گل تکیہ کے عوض کوی مخمل کا گال ہو
گر محتسب کو خون ہمارا ہوا حلال	یارب بہلا شراب تو ہم پر حلال ہو

غزل ہوس

تو نی عنایکی قامت جو دکہائی مجہکو	روش سرو چمن پہر نہ خوش آئی مجہکو
دل ما سینہ مین جون برق ہے شب بیتاب	کس نے یاد اوسکی تبسم کی دلائی مجہکو

ہاتہہ سے آبلہ پا کے مینگ آیا ہون
کوچہ یار تلک کب ہو رسائی مجہکو
جان گرتن سے جدا ہو تو جدا ہو لیکن
جان منظور نہین تیری جدائی مجہکو
ہائے مستی کی دہن سوجہہ گئی کیفیت
مے گلرنگ جو ساقی نے پلائی مجہکو
نہ ہوئی غم سے کسیطرح رہائی ہیہات
وصل کی دن بہی رہا خوف جدائی مجہکو

غزل ...

جیب کسکی پہلو سے مری جو گیا او بہہ وہ ہو
فتنہ برپا ہوا آفت نظر آئی مجہکو

غزل آت

ضعف آتا ہے دل کو تہام تو لو
بو پوست ذرا اسلام ہو بو
بو بیوست ہے بو پوست ہو
کون کہتا ہے میرے ایک جام تو لو
ہمنشین سے میرے ایک جام تو لو

ہمصفیر و جہٹو گئے مت تڑپو
دام ابہی اگے زیر دام تو لو

انہین بات تو نہ لوٹتا ہون مین
گالی نہین دے کی میرا نام تو لو

اک نگہہ پر بکی ہے انشا آج
مفت مین مول اک غلام تو لو

غزل آصف

تجہسا دلدار ہو اور ناز و خرام ایسا ہو
کیون نہ دل کفر سی منکر ہو جو رام ایسا ہو

کب مسیحا سے کری بات تو ای مصحف رو
مردہ دل کیون نہ جئی جسکا کلام ایسا ہو

مین ہون صدقی ترے تو گالیان دے ظالم
بندگی ایسی ہو اور اسکا انعام ایسا ہو

زلف مسکین مین جو سیر و کیے دل کیون نہ پہنسے
ایسا صیاد ہو اور ہاتہ مین دام ایسا ہو

آرزو ہے کہ شب وصل میسر ہووے
مین ہون اور یار ہو اور گردش جام ایسا ہو

ملتجے مت ہو سوا ات علی کے آصف
پہر تجہے چاہی کیا جسکا امام ایسا ہو

غزل نیاز

عشق مین تیرے کوہ غم سر پر لیا جو ہو سو ہو
عیش و نشاط و زندگی چہوڑ دیا جو ہو سو ہو

عقل کی مدد سے اوٹہہ عشق کی میکدہ مین آ
جام فنا و بیخودی اب تو پیا جو ہو سو ہو

لاگ کی آگ لگ اوٹہی پنبہ طرح سب جل گیا
رخت وجود جان و تن کچہ نہ بچا جو ہو سو ہو

ہجر کی سب مصیبتین عرض کین سبکی رو برو
ناز و ادا سے مسکرا کہنے لگا جو ہو سو ہو

دنیا کی نیک و بدسی کام ہمکو نیاز کچہ نہین
آپ سی جو گذر گیا پہر او سے گیا جو ہو سو ہو

غزل بیدل سوز

میری جان جاتی ہے یارو سنبہالو
کلیجے مین کانٹا لگا ہے نکالو

نہ بہائی مجہے زندگانی نہ بہائی
مجہے مار ڈالو مجہے مار ڈالو

خدا کے لئے اے میرے ہمنشینو
یہ بانکا جو جاتا ہے اسکو بلا لو

اگر وہ نہ آوے ہمارے کہے سے
تو منت کر دگہیری گہیری بلا لو

اگرچہ خفا ہو کے وہ گالیان دے
تو دم کہا رہو کچہ نہ بولو نہ چالو

کہو ایک بندہ تمہارا مرے ہے
اسے جا لگنی ہے تو جا کر نکالو

جلو بکی ٹہری ہی آہ ہونٹی ہے بپا رہے
وراس سوز کی آئے جفن و عالو

غزل صبا

جو سونبکے ہے اوس مین زبان کی تیری نہ ہو
خوش او سلب اوس کی کمین زبان پر تر کو

داغ کیون نہ معطر ہو بلبل انشیلا
ہا ایک طرح جو آتی ہے تجہین کی بو

غزل نازنین

خفا گیا ترے چہرے پرسے گل خزان
گئی مزاج سے اب تک نہ پالی بن کی بو

جو بیٹہا ان کے محفل مین وہ مرا کہلوا
لگے وہ مست اوسی وقت انجمن کے بو

نثار تنی جب ترے زلفو مکی لگی ہے صبا
ختا سے جاتی رہی نافہ ختن کی بو

غزل نظر

جدا کسی سے کسی کا غرض حبیب نہو
یہ داغ وہ ہے کہ دشمن کو بھی نصیب نہو
جدا جو ہمکو کرے اُس صنم کے کوچہ سے
الٰہی راہ میں ایسا کوئی رقیب نہو
علاج کیا کریں حکما تپ جدائی کا
سوائے وصل کے اُسکا کوئی طبیب نہو
نظیر اپنا تو معشوق خوبصورت ہی
جو حسن اوسمیں ہے ایسا کوئی حبیب نہو

غزل یوسف

دیکھکر اُس کے روے خندان کو
گل نے پرزے کیا گریبان کو
اُسکے ہونٹوں کے آگے قدر نہیں
لعل پھر جاوے گر بدخشان کو
آنکھہ تیری شکار افگن ہے
کیوں نہ بھاگے ہرن بیابان کو
گرم ہو گر نہ سوئے یار کے ساتھہ
آگ لگ جاوے اس زمستان کو
یاد آئی ہے صورت یوسف
کہول کر دیکھتے ہیں قرآن کو

غزل انشا

کوئی اس دام محبت میں گرفتار نہو
انجدا یہ تو کسی بندے کو آزار نہو
کیجے اقرار کچھہ ایسا کہ پھر انکار نہو
یعنی آپسمیں کسی ڈول کی تکرار نہو
غیر کو صحبت دلدار میں کیوں بار نہو
یعنی کیا معنی جہاں گل ہو وہاں خار نہو
دیکھہ آئینہ میں مُنہ اپنا خریدار نہو
ناک چوٹی میں بس اتنی ہی گرفتار نہو
اُسکے ملنے سے گرانی ہی بس آجاتی ہی
نکہت گل کی طرح سے جو سبکسار نہو
کیا ہی خوش آیا یہ مقطع ہو کل انکا کہنا
آدمی کیا کہ جسے بوجھ نہو بھار نہو
سیر تو ایک طرف لاکھہ غنیمت کہ یہاں
سانس لینے میں کوئی شخص گنہگار نہو
جام ایسا تو گلفام وہ کس کام بھلا
آدمی پی کی جسے خوب ہی سرشار نہو
سطر مسطور کے لوہو سے ہوئی یہ تحریر
یعنی سردار نہیں وہ جو سردار نہو
نالہ مرغ چمن نے اُسی بے خواب کیا
مجھے ڈر ہے کہ خفا مجھسے وہ دلدار نہو
ہے یہ تو قصد کہ چھیڑوں اُسی لیکن کیونکر
ہیں جو چھیڑوں تو بھلا مجھسے وہ بیزار نہو
کہول دیتا ہوں تیری کان ابھی اے انگل
ایسی تقصیر کبھی پھر خبردار نہو

آج ہے دہوم اسیران قفس آتے ہیں
جا کے دیکھو تو کوئی تازہ گرفتار نہو
بخت بیدار اگر خواب میں تجکو دیکھے
تو وہ پھر تا بقیامت کبھی بیدار نہو
کہہ غزل اور دعا یہ ہی دو ذوق کہ شاید
کوئی اس یوسف مصر کا خریدار نہو

غزل ذوق

شعر جرأت

اس پابندی پہ دیا عشق نے زینہ ہمسر
کہ فلک تیرا بانطوفال سے چہرہ یا ہمسر
وہ مجنوں ہیں دل اپنا ہی صحرا ہمسر
اور جنون فتنہ لیلے ہے سویدا ہمسر
بس الہ ابر سے برق نہ اتنا ہمسر
کیا فاک سے بیدا ہمسر
طوفان زدہ باجرہ ہمسر
رکدیا ہے آگر مرنے پہ اڑا ہمسر

ادہر ہم درد کہاں ہو نہو الحضرت دل — درداب تمکو ہمارا ہو تمھارا ہم کو
پھینک کر شیشہ دل ہاتھ سے کہتا ہے وہ مست — کیا بنایا تھا ہتیلی کا پھپولا ہم کو
نخل خرما کی طرح بلغ محبت ہیں لا — کثرت زخم سے اک خلعت زیبا ہم کو
تن سے کیا جان کہ دل اپنی نکلنے پاوے — ہو خبر طلیکہ ترے آنے کا ہروا ہم کو
آچکی ہے سر گرداب فنا کشتی عمر — ہر نفس باد مخالف کا ہی جھوکا ہم کو
ہم گئے جسکی طرف جوں گل بازی اُس نے — پاس آنے نہ دیا دور ہی پھینکا ہم کو
رشک تھا اپنے نوشتے میں کہ اُس نو خطانے — خط لکھا غیر کو اور بھول کے بھیجا ہم کو
ایکدم عمر طبعی ہے یہاں مثل حباب — فکر امروز ہے نہ ہے غم فردا ہم کو
کیا ستم ہے کہ پے قطع رہ عشق فلک — آرہ سال دیا ہے دندان عوض یا ہمکو
دل میں ہیں قطرہ خوں چند سوا نند حباب — نہی وہ بھی جب الفت نے نچوڑا ہمکو
ہم تو کہتے تہے کہ ذوق انکی تو نظر ہمکو نہ چھیڑ — اب وہ برہم ہیں تو ہی تجکو قلق یا ہمکو

غزل سودا

بہار باغ ہو مینا ہو جام صہبا ہو — ہوا ہو ابر ہو ساقی ہو اور دنیا ہو
رواہے کہہ تو بھلا اے سپہر نا انصاف — ریا و زہد چھپے راز عشق رسوا ہو
بھرا ہے اسقدر اے ابر دل ہمارا بھی — کہ ایک لہر میں روی زمین دریا ہو
جو مہربان ہیں سودا کو مغتنم جانیں — سیاہی زاد وہ کب ملتا ہی دیکھیے کیا ہو

غزل وحشت

زخم جدائی دل پہ لگا گہ اِس پہلو گہ اُس پہلو
دل بر میں تڑپتا ہائے رہا گہ اِس پہلو گہ اُس پہلو
وہ خواب میں ہم آغوش ہوا اور کھل گئی اکبار آنکھ مری
پھر درد جگر اکبار اوٹھا گہ اِس پہلو گہ اُس پہلو
ہیہات کہاں اب ہاتھ لگے وہ رشک پری ہمبہر صنم
بالین تھا جسکے ہاتھ مرا گہ اِس پہلو گہ اُس پہلو
تھا خواب عدم میں راحت سے اے جوش جنوں کیوں تو نے مجھے
عشق دکھایا تو نے مجھے بیتاب بنا ہوں میں پڑا گہ اِس پہلو گہ اُس پہلو
پہلو سے لگا کر پہلو کو مجھ پاس نہ بیٹھا گہ اِس پہلو
بیٹھا وحشت سے اے یار یہ بیکل خار دیا گہ اِس پہلو گہ اُس پہلو

غزل سوز

تا در کوے صنم پاؤں مجھے پہنچا دو
یا ابھی دل کو مرے پاس مجھے اُسکے لادو
ہم وہ تیں ابہری کی مجھے یاد نہیں
تو گرفتار ہوں اے ہم قفسو بہلا دو
سانس لینے دو جری پیچ مجھے جان ابی کیا ہے
نہیں تو کرتے ہو کہ صبر کرو جانا دو

مغنیچو اور توقع تو نہین تمسے اب	آتش عشق تو دامن سے بہلا لگاو
درد ہی سوز ہے دنیامین غریبونکی ٹب	شاعری تمکو مبارک یہ رہے او استاد

غزل میر تقی

منعقد کاش مجلس گل ہو	درمیان تو ہو سامنے گل ہو
گر میان متصل رہین باہم	نہ تساہل ہو نا تغافل ہو
اب ہوا ان یون جگر سو اٹہتا ہے	جیسے پر پیچ کوئی کاکل ہو
مت طالع نہ جذب پہر دلکو	کس بہروسے پہ ٹک تحمل ہو
لگ نہ چل اے نسیم باغ کہ مین	رہگیا ہون چراغ سا گل ہو
اوٹہہ چلا لالہ سان رہا تو کیا	داغ بہی ہو تو کوئی بالکل ہو
طول رکہتا ہے درد دل میرا	لکہنے بیٹہون تو خط ترسل ہو
ہو جو مجہہ بادہ کش کے عرس مین لگ	جبکہ قلقل کے شیشے کے قل ہو
دیر رہنے کی جا نہین یہ چمن	بوئے گل ہو صفیر بلبل ہو
مجہہ دیوانے کی مت ہلا زنجیر	کہین ایسا نہو کہ پہر غل ہو
منکشف ہو رہا ہے حال میرا	کاش ٹک یار کو تامل ہو

غزل کنور

تم سبہون کا یار ہو محبوب ہو	ہر طرح اچہا ہو خوش اسلوب ہو
قتل کرتا ہے ہمین یا نہ وہ شوخ	دیکہیے کیا اوسکی تئین مرغوب ہو
ایک حالت پر نہین رہتا مزاج	شیخ جی تم ہو نہ ہو مجذوب ہو
شکر اللہ اوسکی پاس آ ہو تب شیخ	عاشقو نین تم بہی اک محبوب ہو
جان و دل تو کر چکا تیرا نثار	سر تلک بہی دون اگر مطلوب ہو
کیا برا ہے رسم شہر عشق کا	وصل دو دل ایک جا معیوب سا ہو
ہے کہڑا عاشق تمہارا وہ کنور	گر بلا لیجے تو اوسکو خوب ہو

غزل انشا

پہر جو مارنے لگا تو مزا تب ہے کہو اور سنو
بات میں تم تو خفا ہو گئے لو اور سنو
تم کہو گے جسے کچھ کیون نہ کہے گا تمکو
پہر جہوڑ دیوے گا بہلا دیکہہ تو لو اور سنو
یہی انصاف ہی کچھ سوچو تو دلمین اپنے
تم تو سنو کہو مری یک نہ سنو اور سنو
ابتو سمجہاتے خفا ہوئی کہو ہو مجہ سے
ہم قسم تمکو مرا نام تو لو اور سنو

مخمس

عرض احوال مرا اپنے جہان کی اور سنو
جا ورے واوڑ ہارا و ہو چلو اور سنو
چلکے دو ایک قدم دیکہیے ہو اور سنو
کیا ہیان اس تو چلے جاتے ہو اور سنو
اب یہی بات مین ہے چہیڑ و کو پہر اپنے
اب یہی بات مین پہر اوٹہہ اوٹہو اور سنو
اوڑ یہ چلتی نہین یہی چلے ہی بتا باتین نہین
دیکہیو تا ٹہیرو نہین ہنسنے لگو اور سنو

بات میری نہین سنتی جو اکیلے مل کے | ایسی ہی ڈھب سے سنا دون کہ سنو اور سنو
شکوہ مند آپسے اتنا ہون سوا کا کیا دخل | تم نہ مانو تو کہون چلکے چپو اور سنو

غزل سودا

بلبلان سب روتی ہین باغبان رو دیجیو | آنسو اور شبنم ستی حوض و نہر بہر دیجیو
یہ وصیت کر کے بلبل باغبان سے مر گئی | کہ گئی مجھکو جگہہ تحت چمن بیچ دیجیو
بعد میرے دفن کے تو قل ہٹرا چاہا اگر | کہود کر بہر بیخ گل کو صاف مٹی دیجیو
پہر قدم چالیس ہٹکرا کے تربت پر مرے | فاتحہ کی جاے پر تعریف گل کی کیجیو
یا تہا مد نسے سودا کی تئین یہ ماجرا | آج کیون ظاہر نہین کچھ بہید اسکا کیجیو

غزل مومن

اوٹھی وہ شکوے کرتے ہین اغیار اداکے ساتھ | بیطاقتی کے طعنے ہین عذر جفا کے ساتھ
پھر عیادت آئی ولیکن قضا کے ساتھ | دم ہی نکل گیا مرا آواز پا کی ساتھ
بے پردہ غیر پاس اوسی بیٹھا نہ دیکھتی | اوٹھ جاتی کاش ہم بھی جہان سے حیا کے ساتھ
شاید وہ لالہ رو گیا گلگشت باغکو | کچھ رنگ بوی گل کے عوض ہے صبا کے ساتھ
اوسکی گلی کہان ہے یہ کچھ باغ خلد ہے | کس جاے مجھکو چھوڑ گئے موت لاکے ساتھ
آتی ہے بوے باغ شب تار ہجر مین | سینہ ہی چاک ہو نکیا ہو فنا کی ساتھ
گلبانگ کسکا مشورہ قتل ہو گیا | کچھ آئی بوئی خون وہان کے ہوا کے ساتھ
تہی وعدے سے پہر انیکی خوش یہ خبر نہتی | ہے اپنی زندگانی اوسی بیوفا کی ساتھ
اللہ رے مگر ہے بت و بتخانہ چہوڑ کر | مومن چلا ہی کعبہ کو اک پارسا کی ساتھ

غزل ولی

بس تو دل کیون توڑا اس بت عیار کے ساتھ | کوئی آتا ہے بہلا ایسے ستمگار کے ساتھ
دام مین آنکی صیاد سے بلبل نے کہا | بچنا مجھکو کسی آئینہ رخسار کی ساتھ
اوسے آن ہاتہو نکی لیتا ہون مین دم بہر آن | کیونکہ مدت سے رہے ہاتھ مین دلدار کے ہاتھ
جلد پہر اوسکو ملاوے یا مجھے دور رکھے | ایسی ہی بات مری حضرت غفار کی ساتھ

حشر کا خوف و ملک تو نہین ہے واہم | ہے شفاعت پہ وہان احمد مختار کے ہاتھ

غزل میر تقی

عزت و قار کیا ہے کسی خود نمائے ہاتھ | ہے آبرو فقیر کی شاہ و دلا کے ہاتھ
بہلا دیا فلک سے ہمین تیغ آسمانی بلا | اوٹھنا ہمارا خاک سے ہے اب خدا کے ہاتھ

غزل ناسخ

آنکھو نمین اشنا تہا مگر دیکھا تہا کبہی | تو گل کہل ایک دیکھا ہے پینے صبا کے ہاتھ
دیکھ اوسکو مجھکو یارون نے حیران ہو گیا | کس ڈہب سے لگ گیا ہے یہ گوہر گدا کی ہاتھ
دیکی گرہ نہ ناخن تدبیر سے | عقدہ کہلے گا میرا یہ مشکل کشا کی ہاتھ

غزل آتش

پرچھائیں اپنی چال کی ٹک منہ کو موڑ دیکھ | گردن کی یہ لچک یہ کمر کی مروڑ دیکھ
پیکان تیر آہ ہے آلودہ زہر سے | باور نہو تجھے تو مری دلکو توڑ دیکھ
مینے کہا کہ عشق کو اب چھوڑتا ہوں خیر | بولا کسی سا وہی ہے اچھا نہ چھوڑ دیکھ
چوکھٹ پہ مینے اسکی جو پٹکا یہ سر کہا | دروازہ کھولتا ہوں سر اپنا نہ پھوڑ دیکھ
جوڑی جو اس نے مجھسے تو توڑی رقیب نے | انشا تو اپنے یار کی یہ توڑ جوڑ دیکھ

غزل سودا

کہاں وہ نور کا شمس و قمر میں ہے شعلہ | جو حسن یار کا اپنی نظر میں ہے شعلہ
نظر کرو وہ بنا گوش گوشوارو نیں | کہ بجز حسن کے ہر اک گہر میں ہے شعلہ
غضب جو ذرہ دل اسکی میں ہو تو کم مت جان | کہ سنگ میں ہی شرر اور شرر میں ہے شعلہ
شرر ہے کم نہیں آتا ہی گرم قطرہ اشک | یہ عاشقوں کی اگر چشم تر میں ہے شعلہ
سموم عشق کی تاثیر نے جلا مارا | تری ہی اے نفس سرو تر میں ہے شعلہ
سدا تلاشمیں یار و اس آتشیں خو کی | یہ رات دن مہ و خور کا سفر میں ہے شعلہ
ندی تو نالہ یہ تکلیف ہمصفیر مجھے | کہ نالہ یاں نہیں اس مشت پر میں ہے شعلہ
یہ تکمے کی ہے جھلک یار کے گریباں پر | کہ جیسے مہر کا جیب سحر میں ہے شعلہ
بتا نکا عشق ہی سودا اٹر اہی شعبدہ باز | کہ دل کے سوختہ کو اس نہر میں ہی شعلہ

غزل صاحب

گر تجھے قتل ہے منظور چلا آ بسم اللہ | تیغ موجود ہے حاضر ہے گلا بسم اللہ
ہم تو حاضر ہیں نکرتی ہیں ترا حکم عدول | خون دل تو جو پلاتا ہے پلا بسم اللہ
دیکھئے اسکی ملاقات مجھے کب ہو نصیب | ہجر میں تیری مرا دل تو جلا بسم اللہ
اس طرح خوب نہیں جانکا دینا اپنا | در ایوان پہ ٹک ٹہرو تو بھلا بسم اللہ
گر تقدیر ہی تجھے حال پہ صاحب سخن | زخم دل کا تو اب اس سے کی نہ سلا بسم اللہ

غزل مشتاق

کیا بر میں تڑپتا دل بیتاب ہے واللہ | سیماب ہے سیماب ہے سیماب ہے واللہ
تاب رخ دلدار سے مہتاب ہے خورشید | کیا آب ہے کیا آب ہے کیا آب ہے واللہ
یہ نجر مژگاں میں ترے گوہر آنجو | نایاب ہے نایاب ہے نایاب ہے واللہ
دکھلائے وہ شمشیر دکھا تشنہ لبوں کو | کیا آب ہے کیا آب ہے کیا آب ہے واللہ
مشتاق ہمیں کر کے بھلا آئے جناب آپ | آداب ہے آداب ہے آداب ہے واللہ

مخمس رمضان علی ودم

مرزا رمضان علی ... ناز و ادا واہ واہ
... مبارک ہو دے ناز و ادا واہ واہ
بے بیان ... مقصد جان ہو ... واہ واہ
... اوج پہ جل کہاں ... واہ واہ
... خلق میں شور اٹھا واہ واہ

اسلیئے آئی ہمیں دیکھنے جاویں تجھیں — بندہ نوازش تمہیں حق رضا واہ واہ

آگے گلی میں تیرے صبحکو اور شام کو — تیری گدائی میاں ہے یہ صدا واہ واہ

کمتریں مضطر کہیں دیکھکے جلوہ تیرا — سر کو جھکایا ادب صل علی واہ واہ

غزل جرات

شب کسی کامل کی حکایات ہے واللہ — کیا رات ہے کیا رات ہے کیا رات ہے واللہ

دل چھین لیا اسنے دکھا دست حنائی — کیا ہات ہے کیا ہات ہے کیا ہات ہے واللہ

عالم ہے جوانی کا ہے جو اُبھرا ہوا سینہ — کیا گات ہے کیا گات ہے کیا گات ہے واللہ

وشام کا پایا جو مزا اُسکے لبوں سے — صلواۃ ہے صلواۃ ہے صلواۃ ہے واللہ

جرات کی غزل جسنے سُنی اُسنے کہا واہ — کیا بات ہے کیا بات ہے کیا بات ہے واللہ

غزل سودا

غیر پہ نت ہے کرم ہم پہ ستم واہ واہ — دیکھ لیا بس تجھیں ہمنے صنم واہ واہ

مہر کرے یا جفا جسپہ ہو اوسکی رضا — اوسکی رضا میں سدا گذری جو دم واہ واہ

سبز کیا کشت کو برس کے عالم میں تو — ٹک تو ادھر بھی کبھو ابر کرم واہ واہ

خانہ مشرب کو دیکھ تازہ بنا کو مرے — کہتے ہیں نت ساکن دیر و حرم واہ واہ

لکھنے لگی جو کوئی ریختہ سودا کی طرح — اونپہ زمیں سے ہو تا لوح و قلم واہ واہ

غزل مظہر

اوسکو تو بھیجا ہے مجھ خط صبا کے ہاتھ — اسواسطے لکھا ہے حسن میں حیا کے ہاتھ

برگ حنا پہ لکھوں ہوں احوال دل میرا — شاید کبھی تو جا لگے اُس دلربا کے ہاتھ

آزاد ہو رہا ہوں دو عالم کی قید سے — مینا لگا ہے جب سے مجھ بینوا کے ہاتھ

آیا ہوں میں برائی تیری دیکھ ہر سحر — سُور چلکے ہاتھ جو بڑے دیکھا صبا کے ہاتھ

مظہر چھپا کے رکھ دل نازک کی آب تیری اسکے — یہ شیشہ بیچتا ہے کسی میرزا کے ہاتھ

غزل درد

ہر طرح زمانے کے ہاتھوں ہیں ستم دیدہ — گر دل ہے تو آزردہ خاطر ہو تو رنجیدہ

گلشن وہ دوراں میں از خفگی طالع — ہیں ابر سے بیکس جون سبزہ خوابیدہ

سیر شعوب لیکن ہرطرح رہا اور دل میں تیرے ہوں — اسکے شعر ہیں تیرے اور دل شوریدہ

جو کچھ کہ تری دی یاد آئے مکان کا سو دل ہی تو نظر نہیں — اوسکو دور بیٹھنے ہو تیرے تک لطف کو ملا وہ

ادہر ہے کو کچھ سوال کی بات ہو نہ سکے میں بیٹھے ہی تو دور دیدہ

یہ جو رہ ہے جو عالم کو ہو دو نہ ہو لیکن

بابِ دیدکی اسے ہو ہو دل و دیدہ

غزل اسکی

کرتا ہے جگر دل میں خوں آب دیدہ جستہ

اسے درد یہ تیرا ہی ہر مصرع پیچیدہ

غزل میر تقی

نظر آیا تھا صبح دور سے وہ

پھر چھپا خود آپ اپنے نور سے وہ

جز برادر عزیز یوسف کے

نہیں لکھتا کبھی غرور سے وہ

دیکھیں عاشق کا جی کہ ہے کہ نہیں — تنگ ہے جان ناصبور سے وہ
کیا تصور میں پہر ہے صورت — کہ سرکتا نہیں حضور سے وہ
خوبی اس خوبی سے بشر میں کہاں — خوب تر ہے پری و حور سے وہ
دل لیا جس غمیں کا تو نے شوخ — وہی گیا جی ہی اک سرور سے وہ
خوش ہیں دیوانگی میں میرے سب — کیا جنون کر گیا شعور سے وہ

غزل انشا

تو مجھسے لگا کہنے کہ چل ہٹ کہیں پر بیٹھ — کیون مجھسے لگا شان جتانی نہ اری بیٹھ
کب تک تو ڈراتا ہے پہر ہاتھ میں لے تیغ — غصہ تو کہیں جانے دے بس خیر میرے بیٹھ
تو دوڑ کے آتا ہے مجھے چھیڑنے شب کو — نادان یہ بہلا کون ہے سوچ نہ اری بیٹھ
کہتا ہے طلا کیون نہ وہ بیٹھا ہو مرے پاس — کہتا ہوں نہیں اس سے بھی کچھ ٹک ور ذرے بیٹھ
انشا کہیں ہیں لول مرا جی نہ کرو نا بس — مت ہاتھ کو اس طرح سے تو سر پہ دہرے بیٹھ

غزل ذوق

تری گلی کو وہ بیمار غم دارالشفا سمجھے — اجل کو جو طبیب اور مرگ کو اپنی دوا سمجھے
نگہ کیا اور مژہ کیا ہم تو دونوں کو بلا سمجھے — اوسی تیر قضا اوسکو پر تیر قضا سمجھے
شہیدان محبت خوب کہیں تیغ وفا سمجھے — بہا ہر خون کو قاتل میں اسکو خون بہا سمجھے
وہی کچھ تلخ کام اس زندگانی کا مزا سمجھے — کہ جو زہراب تیغ یار کو آب بقا سمجھے
ہر اک گردش میں سو انداز ناز فتنہ زا سمجھے — فلک کو ہم کسی کافر کی چشم سرمہ سا سمجھے
ستم کو ہم کرم سمجھے جفا کو ہم وفا سمجھے — اور اس پر بھی نہ وہ سمجھے تو اوس بت سے خدا سمجھے
برائی میں ہماری وہ اگر اپنا بھلا سمجھے — برا سمجھے برا سمجھے برا سمجھے برا سمجھے
تجھے اے سنگدل آرام جان دلربا سمجھے — بڑے پتھر سمجھ پر آنے ہم سمجھے تو کیا سمجھے
وہ ہم سے خاکساروں کو جب اپنا خاکپا سمجھے — ہم اپنی خاکساری کو اپنے حق میں کیمیا سمجھے
تری کشتی جو یون خم اعلام سی یک بیک چونکے — اگر شور قیامت کو تری آواز پا سمجھے
نسیم صبح گلشن میں اگرچہ ہو دم عیسی — ترا بیمار غم تجھ بن سموم جانگزا سمجھے

روان ہوتا ہے اس بستان سرا سے کاروان گل
چٹکنے کو صبا غنچے کے آواز درا سمجھے
حباب اصلا نہ تو چھے مجھسے میرے دل کی زخمون کا
حباب دوستان درد دل اگر وہ دربا سمجھے
اگر دلکو نکالا چیر کر پیکان تو رہنے دو
کہ عاشق اپنے پہلو میں اسیکو دل کی جا سمجھے
کری آہ رسا میرے جو سیر عالم بالا
فلک کو بھی تو نہیں اک آبلہ سا زیر پا سمجھے

نمی ہے زخم دل

نہ آیا خاک بہی رستہ سمجہہ مین عمر رفتہ کا
مگر سمجہے تو داغ معصیت کو نقش پا سمجہے

خبر سنتے ہی قاصد سے ہوئی ہم بیخبر بالکل
ترے پیغام کو گویا کہ پیغام قضا سمجہے

نحوست بہی سعادت ہو گئی زلفون مین جو نکلے
گلیم تیرہ بختی سر پہ ہم ظل ہما سمجہے

گشادکار ہمنے پنجۂ تقدیر کو سونپا
خرد کے ناخنون کو ناخن انگشت پا سمجہے

بلا دس زلف کی مصرع مین ہے مضمون پیچیدہ
اوسی سے یہ کہلی جو معنے ناز و ادا سمجہے

ہوا نے زلف کو چہیڑا اور اپنا دل لرزتا ہے
کوئی جانی تو کیا جانے کوئی سمجہے تو کیا سمجہے

سمجہہ ہی مین نہین آتی ہے کوئی بات ذوق اسکی
کہین ایسا نہو وے ہمنے دکا فرادا سمجہے

غزل مومن خان

کشتۂ حسرت دیدار ہین یارب کسکے
نخل تابوت مین جو پہول لگی نرگس کے

وہ چلا جان چلی دونون یہانسے کہسکے
اوسکو تہاموں کہ اسی پاؤن پڑون گر گرکے

پاؤن تربت پہ مرے دیکہہ سنبہلکر رکہنا
چور ہے شیشۂ دل سنگ ستم سے بسکے

مجکو مارا یہ مرے حال تغیر نے کہ ہے
کچہ گمان اور ہی ہر ایک کے دل مین کسکے

کس پریرو سے ستمگر سی لڑا دل افسوس
کسپہ دیوانہ ہوا ہوش گئے ہین اسکے

بخت برگشتہ سے قربان عدو ہونگے
آگ بن جاتی ہے وہ گردہیر دن مین جسکی

نالۂ رشک نہو باعث دردسر مرگ
غیر کی سر پہ لگاتا ہو وہ صندل گہس کے

لذت مرگ سے ہجران سے دعا ہی کہ خدا
یہ مزا ہو نہ نصیبون مین کسی بیحس کے

کیون نہ ہم شمع کی مانند جلین دور کہڑے
جب عدو باعث گرمی ہون تری مجلس کے

یار مومن سے ہی مین مدعی طبع روان
واہ افکار تران اور مع یا بس کے

غزل نصیر

چلد ہر دہ ماہ لقا صبح جلوہ گر ہو جائے
مرا بہی جون گل خورشید منہ ادہر ہو جائے

کسیکا تشنۂ خون وہ نگار گر ہو جائے
تو اوسکے آگے حنا تا بتہ باندہکر ہو جائے

تصور اوسکی ہے آنکہون کا روز و شب ہمکو
دل اپنا کیون نہ دو عالم سے بیخبر ہو جائے

شکر لبون کی قد و نکا ہے خیال مجہے
جو دلسے آہ بہی نکلے تو نیشکر ہو جائے

[illegible] شتاب ادو [illegible] سکیلے ماجرا سے دل اپنا
سر فلک چشم [illegible] نو پایہ [illegible] ہو جائے
الہی عشق جوان جون جون [illegible] پائے [illegible] دم
اسی قدم [illegible] زندگی [illegible] ہو جائے
وہ جام [illegible] مین [illegible] بیکسی [illegible] و ساقی
اگر بیگانہ [illegible] چشم [illegible] ہو جائے
بہارے سر [illegible] ہو جائے

غزل نظیر

[illegible] گرم سے محبت کا آہ [illegible]
درست اس سے غذا پا نہین اگر [illegible]
تو سو طرح سے مرا [illegible]
یقین ہے کہ ہمکو کہین [illegible] تو [illegible]
خدا و کہاں کہین [illegible] روز وصل نصیر
شب فراق رہنا ہی کی سحر ہو جائے

غزل درد

ارض و سما کہاں تری وسعت کو پا سکے
میرا ہی دل ہے یہ کہ جہاں تو سما سکے

وحدت میں تیری حرف دوئی کا نہ آسکے
آئینہ کیا مجال تجھے منہ دکھا سکے

میں وہ فتادہ ہوں کہ بغیر از فنا مجھے
نقش قدم کی طرح نہ کوئی اوٹھا سکے

قاصد نہیں یہ کام ترا اپنی راہ لے
اُسکا پیام دل کے سوا کون لا سکے

غافل خدا کی راہ پہ مت بھول زینہار
اپنے تئیں بھلا دے اگر تو بھلا سکے

یارب یہ کیسا ظلم ہے ادراک فہم یہاں
دوڑے ہزار آپ سے باہر نہ جا سکے

گو بحث کر کے بات بنائی تو کیا حصول
دل سے اوٹھا غلاف اگر تو اوٹھا سکے

اطفار ناز عشق نہو آپ سے کبھی
یہ آگ وہ نہیں جسے پانی بجھا سکے

مست شراب عشق وہ بیخود ہے جسکے شعر
ایسے درجا ہے لائے بخود پھر نہ لا سکے

غزل میر تقی

پسند زلف کرے قیدی کمند کرے
پسند اسکی ہے وہ جس طرح پسند کرے

ہمیشہ چشم ہے نمناک ہاتھ دلبر سے
خدا کسیکو نہ ہمسایہ درد مند کرے

بڑے بڑوں کو جھکاتے ہی کر بنی اُسدم
پکڑ کے تیغ وہ اپنی اگر بلند کرے

بیان دلکے ہی جلنے کو کرے مجلس میں
اچھلنے کو دتے کو ترک گر پسند کرے

ترے مجھکو راہ سے بچائے مکر دنیا کا
ہزار رنگ یہ فرتوت گو پچھند کرے

سوا اسکے بڑی ڈاڑھی میں ہے کیا شیخ
کہ جو کوئی تجھے دیکھے سو ریش خند کرے

دکھا دے آنکھ کبھو زلف کھول منہ پہ کبھو
کبھو خرام سے رستی کی رستی بند کرے

اگرچہ سادہ ہے لیکن ربودن دل کو
ہزار پیچ کرے لاکھ لاکھ فند کرے

سخن یہی ہے جو کہتے ہیں شعر میر سے سحر
زبان خلق کو کسطور کوئی بند کرے

غزل آتش

بہار آئی مراد چمن خدا نے دی
شگفتہ غنچے ہوئے بوئی گل خدا نے دی

دکھائی روے مخطط نے پاس کی اعجاز
کلیم پوش کو پیغمبری خدا نے دی

گئی ہے دیر سے ابتک پھری نہیں شاید
در قبول کے اوپر پڑھی دعا نے دی

عزیز داغ محبت کو رکھتے ہو آتش
نشانی اپنی یہ کس لالہ گوں بنا نے دی

غزل ناسخ

نہ فقط چاہ مجھے قامت دلدار کی تھی
مثل منصور زمانے کو ہوس دار کی تھی

ہر خریدار کو تھا مرتبۂ موسیٰ کی
آتش طور سے گرمی تری بازار کی تھی

مخمس

[illegible]

تھا تری نرگس مے گوں سے زمانہ بدمست | نہ کسی رند کو کب خانہ خمار کی تھی
چہرہ آتشکدہ، ابرو تھے سو محراب حرم | گردن آگے ترے خم کافر و دیندار کی تھی
صلحنامہ جو لکھا ترے خط مشکیں نے | نہ رہی جنگ جو کچھ میری اور اغیار کی تھی
ہوگئی سبزۂ خط اس کو شفا کی بوٹی | اس سوا اور دوا کیا دل بیمار کی تھی
تھی نہ امید رہائی کی دل ناسخ کو | لاکھ زنجیر ترے گیسوئے خمدار کی تھی

غزل قطب

کس شان سے آئی ہے یہ چالاک لبنتی | اور پہنے ہوئے سرخ ہے پوشاک لبنتی
معلوم نہیں عشق میں ہے کس کے گرفتار | کیوں رکھتی ہے یہ سینہ کشی چاک لبنتی
ہیں ہم ترے مشتاق ذرا آکے لپٹ جا | فرقت میں تیری ہوگئی بس خاک لبنتی
گل پھولے سماتے نہیں گلشن میں عزیزو | اور باد صبا جھاڑے ہے خاشاک لبنتی
کیونکر نہ قطب ہووے فدا جان و جگر سے | ہوتا ہے تصدق ترے افلاک لبنتی

غزل آتش

نگہ ہے اس پری کی سحر چتون اک آفت ہے | معاذ اللہ جو دیکھی اس طرف یہ کس کی طاقت ہے
چمن ہے جام صہبا ہے گھٹا ہی جا ہی خلوت ہی | اگر ایسے میں آجاوے تو صاحب وقت فرصت ہے
رگڑنے دو مجھے تلووں سے تلوے اپنی آنکھیں تم | تصدق میں تمہارے جاؤں اس سے مجھکو راحت ہے
سیاہ ابھار کر پنجہ چمٹ جاوے کہیں وحشت | بری تیور نظر آتے ہیں اس سے مجھکو وحشت ہے
بھلا کیونکر نہ عشق ہوں ہم کر دیں وضع کیا سب | فطانت ہی ملاحت ہی نزاکت ہی صباحت ہے
مجھے کیوں گالیاں دیتے ہو مجھے کرکے ناحق تم | ارے مکتب کے لڑکو ہاں بھلا یہ کیا شرارت ہے
بھلا آخوجی صاحب کو آنے دو کہونگا میں | کہ اے حضرت سبق آپ سنیے یہ حقیقت ہے
دیا ہے پاؤں شوخی میں تو شاگردوں نے صاحب کے | جہاں چھٹی لی انکو تو اک برپا قیامت ہے
کسی کا منہ چڑھا جانا کسیکو بیت کہنا | سدا ہماری آپ مسجد کو یہاں ہوتی فضاحت ہے
کتابو پر پڑے ڈھیر بچے ہے ٹھاپ طبلوں کی | اگر جھک کے نظر کیجیے تو یاں کچھ طرفہ صحبت ہے
مراتب غوث کا ملتا ہے اجزائے گلستاں کو | نہایت شیخ سعدی کی یہاں ہوتی فضیحت ہے

وہ آئے ہیں سر انداز کھیلیں [illegible] سانے جو جو
عرض نہ کر صبا جنوں کی جو بات ان [illegible]
نہیں اب سوچ پہ بیٹھ [illegible] بیٹھے [illegible] سب ہیں
اے [illegible] جو دو دو [illegible] جانو اور [illegible]
[illegible] غزل اے [illegible]
خدا کے فضل سے [illegible] فصاحت بلاغت [illegible]

غزل مومن

تضمین ناسخ

سینہ کوبی سے زمیں ساری ہلا کے اوٹھے
کیا علم دیوم سے تیر سے شہدا کے اٹھے
آج اس بزم میں طوفان اوٹھا کے اوٹھے
یاں تلک روئے کہ اسکو بھی رلا کے اٹھے
دل سے کیونکر نہ دیوان سلطہ ہوا کے اٹھے
شعلہ ہائے پر غم سینہ جلا کے اٹھے
گر نہ ہو دل میں خیال نگہ خواب آلود
دیدہ کیا از خفتہ جنب کے اٹھے

شمع کی جور کا محفل مین جو مذکور ہوا
دل جرا بیٹھے تھی جب آنکھ جرا کی او ٹھے

گو کہ ہم صفحہ ہستی پہ ہین یکحرف غلط
ٹیک اوٹھے بھی تو اک نقش مٹا کی او ٹھے

ہو عذاب شب یلدا سی رہائی یارب
زلف منہ سے کہین اس مہر لقا کی او ٹھے

اُف ری گرمی محبت کہ ترے سوختہ جان
جس جگہہ بیٹھہ گئی اگ لگا کی او ٹھے

مین جو کہتا تھا تمہین تاثیر مگر رہا تہ مرے
ضعف کی ہاتھ سی تب وقت دعا کی او ٹھے

سوزش دلسے ہوا کیا ہی مین پانی پانی
وہ جو پہلو سے پسینے مین نہا کی او ٹھے

جمی ہی مانند نشان کف پا بیٹھہ گئی
یاد ن کیا کو جیسے اس ہوش ربا کی او ٹھے

شعر مومن کے پڑہے بیٹھہ کے اوسکے آگے
خوب احوال دل راز سنا کی او ٹھے

غزل سودا

گوہر کو جوہری اور صراف زر کو پرکھے
ایسا کوئی ندیکھا وہ جو بشر کو پرکھے

وہ شخص بار خاطر ہرگز نہو سکیگا
جسکا ندیم ہووے اوسکی نظر کو پرکھے

جوہر نہووے جسمین جوہر شناس کب ہے
جو صاحب ہنر ہے وہ ہی ہنر کو پرکھے

درسخن کے خواہان وہ یار ہین جہانمین
جسمین نہ جھوٹی سچے کوئی گہر کو پرکھے

خاطر مین وہ نلاوے رکھا ہے ابر نیسان
جو قطرہ ہاے اشک مژگان تر کو پرکھے

سمجھے کہ چشم عاشق یاقوت کا ہی معدن
ظالم اگر تو میرے لخت جگر کو پرکھے

درسخن کو اپنے پرکھا لی آدمی ہے
ہرگز نہ کہ تو سودا ہر جانور کو پرکھے

غزل عارف

گر مین شوخی سے کہون ہے تری ہمسر بجلی
تو گری مجھپہ ترے قد کی برابر بجلی

کبھو ہنس ہنس کے وہ باتین جو کیا کرتی ہین
بدگو کہتے ہین برسا ہی ہے گوہر بجلی

تیرا دیدار ہے تسکین وہ مضطر جان
ہوئی بیتاب ترے کان کی کیونکر بجلی

لوٹنے لوٹنے مین فرق ہوا کرتا ہے
اکیدن دیکھہ مرا تو دل مضطر بجلی

ہووے رو نبیسے سوا کیون نہ شرر ریز آہ
جوش بارش مین جمکتی ہے فزونتر بجلی

چین یکدم نہین بیتابی دلسے عارف
کسنے رکھدی ہے مری سینہ کی اندر بجلی

غزل انشا

تب سمجھا عشق ہین ہم سے طفل پریزاد کے
جب سے مکتب مین لگا پڑھنے الف بی تے
یاد آتا ہے وہ حرف نکالو ہٹانا مجھکو
جیم کے پیٹ مین اک نقطہ ہے اور خالی ہے
حے کی پھر شکل جو صل کے سی آتی ہے نظر
نقطہ جو اسپہ لگا دین تو ہوئی پھر وہ خے

تضمین

دال کی کل گرے سے دانا کی مر قد کی اٹکی
ہے سو یک پانچ ہے ہی بین بیٹھی ہے اور بین نقطہ
دال ہی کی چھوٹی بہن اسکی ہے جون آتی
ایک پہلا ایسا ہے ساتھ ہی کہ ہین اسکے
ری ہی خالی وری کی زے پہ ہی جو یک نقطہ
رسن ہے ہی کا پہ جل اسی کا امر سے خوبدار ہی ملے
سین خالی ہی پہ شین نقطے ہین
صاد او ضاد مین بس ایک فرق ہے نقطہ

طو. بی بن طرہ ہے اور توفی پہ ہے یک نقطہ
عین بے عیب ہے اور کافی میان عین ہوئے

فے پہ یک نقطہ ہے اور قاف پہ ہین نقطے دو
کاف بہی خالی ہے اور لام بہی خالی ہے

میم بہی یونہین ہے اور نونکی اندر نقطہ
مفلسا بیگ ہے یہ داد بہی د رچہوٹی ہے

کیا خلیفہ جی یہی ایسی یہین سے نکلے
اگے چہٹی دوا بہی لام الف ہمزہ ہے

گالیان تیری ہی سنتا ہے یہ انشا ورنہ
کسکی طاقت ہی کہی کوئی جو یہ سکولے

غزل خاکسار

اوسکے ملنے کی نہ سوجہی کوئی تدبیر مجہے
آہ دکہلا ویگی کیا دیکہئے تقدیر مجہے

دو جہا نکو مین کرون اوسپہ تصدق یکمین
اوسکی کہلا دے بہلا جو کوئی تصویر مجہے

ایک بو کے سوا کچہ نہین مانگا ہمنے
جسکا جی چاہے اگر دیجئے تعذیر مجہے

آج ہے عید ذرا عید منالو پیارے
شرط اسلام کی ہے کیجئے بغلگیر مجہے

تب تو جہنجلا کے وہ بولا ابت کافر مجہے
آج یہان عید مین کیون کرتی ہو دلگیر مجہے

خاکسار ونکو نہین دولت زر کی خواہش
خاکساری ہے بہت نسخہ اکسیر مجہے

غزل آتش

چمنستان کی گئی نشو و نما پہرتی ہے
رت بدلتی ہے کوئی دمین ہوا پہرتے ہے

خال مشکین کو ترے کرتی ہین فتنے سجدے
عنبرین گیسوؤنکی گرد بلا پہرتی ہے

خاک چہنوا رہی ہے کوچہ قاتل کی تلاش
ساتہہ ساتہہ اپنی خراب اپنی قضا پہرتے ہے

کج نگہ تو نی تو کی ہمسے کہی رکہتے ہین
آنکہہ اپنی بہی صنم سوے خدا پہرتے ہے

ملتجے جو تری درگاہ کی ہین اب محبوب
پہنے تشریف قبول انکی دعا پہرتی ہے

نشہ مے نے نقاب رخ زیبا اولٹا
ٹہوکرین کہاتی ان انکہونکی حیا پہرتی ہے

قتل کسکسکو کرے دیکہئے ہنگام خراب
یہ قدم سے جو لگی انکی حنا پہرتے ہے

پاؤن تک یار کے پہونچیگی لٹک کر سر سے
پہیرنے سے کوئی وہ زلف رسا پہرتی ہے

وہ جنون خیز ہے وہ مایہ سودا ہے زلف
دیکہتے ہی جو پری برہنہ پا پہرتے ہے

اپنے جامی سے ہو نہین میکش مفلس باہر
رہن ہوتے ہوئی دستار و قبا پہرتے ہے

صبح محشر کے سوا صبح شب ہجر نہین
یہ بلا وہ ہے نہین آتش جو بلا پہرتی ہے

غزل میر تقی

اپنے جانا تہا سخن ہونکے زبان پر کتنے
پر قلم ہاتہ جو آئی لکہے دفتر کتنے

سینے اس قطعہ صناع سے سونپیا ہے
کیا ارسطو کیا یین جسکی تہی ہنروران کتنے

غزل نسیم

کشور عشق کو آباد نہ دیکہا ہمنے
ہر گلی کوچے مین اوجڑے پڑی تہی گہر کتنے

آہ نکلے ہے جو یہ کسکی ہوئین سر بہار
آتے ہین باغ مین آوارہ ہوے پر کتنے

دیکہو یہ پنجہ مژگان کی نک تیر دسی
ہم سحر خاک مین ملتے ہین د رتر کتنے

کب تلک یہ دل صدپارہ نظر مین رکہئے
اسیر آنکہین ہین سدا رکہتے ہین لبر کتنے

عمر گذری کہ نہیں دو دہ آدم کوئے | جس طرح دیکھے عرصہ میں ہیں اب جز کتنے
کب تلک یہ دل صد پارہ نظر میں رکھے | اسیر آنکھیں ہیں سدا رکھتی ہیں دلبر کتنے
عمر گذری کہ نہیں دو دہ آدم کوئے | جسطرح دیکھئے عرصہ میں ہیں اب جز کتنے
تو ہی بیچارہ گدا امیر ترا کیا مذکور | مل گئی خاک میں یہاں صاحب افسر کتنے

غزل ذوق

کب حق پرست زاہد جنت پرست ہے | حوروں پہ مر رہا ہے یہ شہوت پرست ہے
دل صاف ہو جائے معنی پرست ہو | آئینہ خاک صاف ہے صورت پرست ہے
درویش ہے وہی جو ریاضت پسند ہو | تارک نہیں فقیر بھی راحت پرست ہے
جز زلف سوجھتا نہیں اہر وہ دل تجھے | خفاش تو نہیں ہے کہ ظلمت پرست ہے
دولت کی رکھ نہ مار سر گنج سے امید | سو دہی وہ دیگا کیا کہ جو دولت پرست ہے
عنقا نے گم کیا ہے نشاں نام کے لیے | گم گشتہ کون کہتا ہے شہرت پرست ہے
یہ ذوق مے پرست یا ہے صنم پرست | کچھ ہے بلا سے ایک محبت پرست ہے

غزل ناسخ

آتش عشق وہ ہے جسمیں سمندر جلجائے | اک شرر جائے جو پتھر میں تو پتھر جلجائے
پر پروانہ کیا شمع رخ جانان کو | کہ فرشتہ بھی کوئی آوے تو شہپر جلجائے
تن بدن پھونک دیا ہے شب فرقت نے مرا | کیا عجب ہے جو مرے جسم سے بستر جلجائے
شمع ساں شرح تپ غم سے ہو سوزاں مکتوب | کیوں نہ پروانے کی مانند کبوتر جلجائے
ہو نثار دستے جہاں سوز اگر عکس فگن | ہے یقیں خانہ آئینہ ستم گر جلجائے
شجر طور کی مانند عصائے موسے | دیکھکر کاکل دلدار کا اژدر جلجائے
کھیل سمجھے وہ صنم جان کی آتشباری | سوز غم سے جو کوئی عاشق مضطر جلجائے
جب نہ تب تاب لہ سوزاں سے جلا خانہ دل | نہوا یہ کہ کسی غیر کا بھی گھر جلجائے
ہے وہ پرکالہ آتش قد موزوں تیرا | دیکھئے اس سے جو تشبیہ صنوبر جلجائے
آتشیں چہرہ ہے ہر شاہد مضمون ناسخ | کیا عجب ہے مری اشعار کا دفتر جلجائے

۵

غزل پیمانہ

دکھلائے داغ دل نے گلستان نئے نئے
وحشت دکھا رہی ہے بیابان نئے نئے
جور بتاں سے مجھکو الٰہی نجات ہو
پیدا ہوئے ہیں جان کے خواہان نئے نئے
ہیں اسطرح جنوں ترے ہاتھوں سے تنگ ہوں
لاؤں کہاں سے روز گریبان نئے نئے

تفنن طبع

دیر و حرم میں کوئی نہیں ہے تری راہ پر
کافر نئے نئے ہیں مسلمان نئے نئے
سالک ہو گذر در جاناں پہ ہے بیاباں
ویراں نئے نئے ہیں بیابان نئے نئے

غزل طور

میں وہی جاؤں اجل ہی آ جا بیدل گر پہلے
پہنچا مرا پیام زبانی خط سے کہنا نامہ بر پہلے

شب وصل صنم میں صبح تک ہمنے دعا مانگی
الٰہی آج نکلے مہر تاباں سے قمر پہلے

عوض بوسہ کے ہمنے گالیاں دی تھیں کس صاحب نے
خدا انصاف تو کیجیے نکالا کس نے شر پہلے

ارے او بے مروت تجھکو دل دینا نہیں لازم
کوئی پیدا تو کر لیوے ہمارا سا جگر پہلے

شب وصل عزیباں ہے تری گردن پہ خوں ہوگا
نہ بول اوٹھنا کہیں زاہد سے ای مرغ سحر پہلے

عجب سرکار ہے اللہ کی ای طور پر صدقے
ہنر مندوں سے پوچھے جاتے ہیں ان کے ہنر پہلے

غزل علی

جبریل امیں جسکی سدا خاک قدم لے
کرتا تھا عجب کحل بصر عرش پہ دم لے

نام اسکا لکھا حق نے ملا نام سے اپنے
نہ پائہ افلاک پہ عزت کا قلم لے

کس شان سے جاویگی محمد کی سواری
عرصات سے جنت میں بھی فوج الم لے

فدوی کو ترے آتش دوزخ سے نہ ڈر ہے
گر کشور ہستی سے گیا راہ عدم لے

ثابت کیا معجز نے ترے فیض کا دعوے
انکار پہ کفار کے اقرار صنم لے

ہمسر نہ ترے حسن کے ہی یوسف کنعان
بیچا ہے جسے مصر میں مالک نے درم لے

آتی ہے عجب فوج ملک عرش بریں سے
بس تحفہ صلوات سدا سوی حرم لے

اے ساقی کوثر ہے ترا فیض عجب عام
مے اپنی محبت کی پلا جام کرم لے

محبوب خدا اور نہ محمد کی سوا ہے
اسبات کی اب مجھ سے خدا ہی کی قسم لے

کرتے ہیں ملک فرش سدا اپنے پر و بال
جس راہ میں چلتی ہے تری فوج علم لے

محروم نہ ہو جائے در فیض نبی سے
کیا فکر میں بیٹھا ہے علی گوشہ غم لے

غزل آصف

یہ اشک چشموں میں اب جم رہی رہی نہ رہے
حباب بحر کوئی دم رہے رہے نہ رہے

تو اپنے شیوۂ جور و جفا سے مت گذرے
تری بلا سے مرا دم رہے رہی نہ رہے

قمر کو ہوتا ہے ہر ماہ میں کمال و زوال
ترے بھی حسن کا عالم رہے رہی نہ رہے

عرق ہے منہ پہ ترے خوشنما صنم لیکن
ہمیشہ گل پہ یہ شبنم رہے رہے نہ رہے

شتاب آکہ تری دید تک میسر ہو
یہ دم لبوں پہ ہے اب تھم رہی رہی نہ رہے

جو وصل میں ہیں ہے جب ان کو بار رہے آصف
یہ اتفاق ہے باہم رہے رہے نہ رہے

غزل بافل

تری الفت میں ہم اوسنے جان و ایماں لیتے
شوق وصل میں ہیں ارے [illegible] بسمل لیتے
ایک اسیری ہی بری ہے نہ [illegible] ہمارے
ہے دل میں ارے حسرت و ارماں لیتے

غزل نظیر

نہیں ملتا ترے ناز کا پتا اے بیلے
جہان مار سے ترے مضمون نے بیاباں کرتے
لعنوں کو کاٹی بادے سے جھکایا تو نے
زلف پیچاں کی [illegible] جن پیچاں کرتے
جس نے دیکھی تری تصویر کہا صل علیٰ
پڑھتے ہیں صلوات ہیں آکے مسلمان کرتے

ایک تہا آئینہ وہ جسکے ہین حیران کتنے
بہرتے ہین لف پریشانکی پریشان کتنے

اوٹھہ کی صحرا سی چلا شہر کیجانب جب مین
لپٹے دامن سے مری خار مغیلان کتنے

مصحف رو مین کہنچی جاتی ہی اسکی تصویر
ایک قران سے لکہے جاتے ہین قران کتنے

کوئی سمجہا نہ تری شعر کا رتبہ غافل
یون تو ہین کہنے کو دنیا مین سخندان کتنے

غزل لطیف

داغ ہجر انکا نجاویگا کبہو دلسے مرے
یہ نشانی تو ملی ہے مجہے قاتل سے مرے

وصف اُس شوخ نگہ کا نہ زبانسے ہو کبہو
حال صیاد کا پوچہون دل بسمل سے مرے

حال کیا پوچہتے ہو ہجر کی بیمار یکا
ظاہر آثار تو ہی یار غمایل سے مرے

شبکو تعویز یہ اوسکی جو کیا دست درازی
بولا چل دور ہو کیا کام حمایل سے مرے

چاہا ہر چند کہ مین دامن لیلی پکڑون
ہاتہہ تو دور ہمیشہ رہے محمل سے مرے

قتل تو اوسنی کیا مجہکو یہ تشہیر کی
اتنی کوتاہی ہوئی صاحب قاتل سی مرے

آگ لگ جاوے نہ دنیا مین مجہے ڈر ہے لطیف
آہ سوزان جو نکلتی ہے نہان دلسے مرے

غزل شہید

کہو اوس برق وش سے آج لازم ساتہہ جانا ہے
جنازی پر ہمارے ابر رحمت شامیانا ہے

چلو نگا سر کے بل شوق شہادت دستگیری کر
جہان تلوار چلتی ہے اوسی کوچےمین جانا ہے

لیا جسنے ہمارا نام مارا بے گنہ اوسکو
نشان جسنی بتایا ہے وہ تیرونکا نشانا ہے

جو شرماؤ پیارے چہوڑ دون مژگانکی چلونکو
تمہارے عین عدی پر ہمین انکہین بچہانا ہے

گریبان پہاڑ کی دست جنون سے کب ہوئی فرصت
ابہی تو دامن صحرا کے بہی پرزے اڑاتا ہے

جو بال اوسکی اوبھجتے ہین تو دل میرا
اولجھتا ہے
یہان ہے درد شانے مین وہان
